

تعارف وتبصرہ کتب

(ادارہ)

سنّت نبویہ اور قرآن کریم | تالیف۔ مولانا محمد حبیب اللہ مختار صفحات ۲۶۰ ۔ ناشر مجلس دعوت وتحقیق اسلامی ۔ بنوری ٹاؤن ۔ کراچی م ۵ ۔ پاکستان

اگر قرآن وحی جلی ہے تو سنّت وحی خفی ۔ اگر قرآن وحی متلو ہے تو سنت وحی غیر متلو ۔ اگر قرآن تشریع خداوندی ہے تو سنت تشریع نبوی جب کہ قرآن کریم نے خود سنت نبویہ کا مقام متعین کیا ہے تو مقام افسوس ہے کہ منکرین حدیث ایک طرف اہل قرآن ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور حسبنا کتاب اللہ کی رٹ لگاتے نہیں تھکتے ۔ مگر ما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا ۔ اور وما ینطق عن الہوٰی ان ہو الا وحی یوحیٰ سے آنکھیں بند کئے ہوتے ہیں ۔

زیر تبصرہ کتاب مولانا محمد حبیب اللہ صاحب مختار کا وہ مقالہ ہے جو انہوں نے علوم حدیث میں ڈاکٹریٹ کے لئے لکھا تھا پھر حضرت علامہ محمد یوسف بنوری کی خواہش پر اسے کتابی شکل دی گئی ۔ جیسا کہ موضوع سے ظاہر ہے ۔ کتاب حجیت حدیث پر لکھی گئی ہے ۔ اس موضوع پر کئی ایک کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں ۔ لیکن زیر تبصرہ کتاب میں مؤلف نے عنوان بالا کا حق ادا کیا ہے ۔ اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مخالفت رسول پر ۴۸ آیات پیش کی ہیں ۔ کتاب کی ترتیب وتالیف میں نہایت ہی مستند اور متعدد مآخذ ومراجع کو رجوع کیا گیا ہے ۔ حضرت بنوری کی تقریظ بھی اس کتاب کی خوبی کی سند ہے ۔ کتاب صوری اور معنوی دونوں لحاظ سے نہایت ہی دلکش ہے

تلک حدود اللہ (عربی) | تالیف ۔ استاذ ابراہیم احمد الوقفی صفحات ۲۰۰ ۔ ناشر دار العلم ۶۲۳ ۔ آب پارہ مارکیٹ ۔ اسلام آباد

اسلام نے انسان کو انسانیت کا وہ مقام دیا ہے جو دیگر ادیان اور مذاہب میں نہیں ہے اور اسے وہ تمام مراعات دی ہیں جس سے وہ باعزت باحرمت اور محفوظ زندگی گذار سکے ۔ چار چیزوں کی حفاظت انسان کے لئے ضروری ہے حفاظت نفس ۔ حفاظت نسب ۔ حفاظت مال اور حفاظت عزت ۔ اگر کسی نے کسی انسان کا نفس تلف کیا تو اس کے لئے شریعت نے حد قصاص مقرر کیا ہے ۔ اسی طرح اگر نسب پر حملہ کیا تو اس کے لئے حد زنا اور مال کی چوری پر شریعت نے حد سرقہ مقرر کیا ہے اور کسی کی عزت وآبرو لینے پر شریعت نے حد قذف کا حکم جاری کیا ہے

زیر تبصرہ کتاب استاذ ابراہیم احمد الوقفی نے حدود اللہ اس کے احکام اور اس کے فوائد پر تالیف کی ہے ۔ ہر دور اور ہر زمانے میں ملحدین مستشرقین اور متعصبین یورپ نے اسلام کے ان اساسی تعزیری دفعات پر رکیک حملے کئے ہیں مؤلف جو کہ جامعہ ازہر میں علوم شرعیہ کے نامور محقق ہیں نے کتاب مذکور میں جا بجا وہ شبہات اور اعتراضات نقل کئے ہیں اور دور حاضر کے مطابق ان کا دفعیہ کیا ہے ۔ علاوہ ازیں سائنٹیفک طریقے سے اس کے فوائد اور محرکات بیان کئے ہیں ۔ یہ کتاب دار العلم اسلام آباد سے دستیاب ہے ۔

(مولانا ابراہیم فانی)